مصلّے کو غرض تہ کرکے اٹھا عابد مشرق
جو طاقت آگئی تھی دل مین اس طاقت سے للکارا
ادھر تحریر ادھر اسپیچ ادھر سازش ادھر بندش
اسے جھڑکا اسے ڈانٹا اسے گانٹھا اسے مارا
نتائج پر نظر کب مرد عاشق تن کی ہوتی ہے
وہ سمجھے ہیں نئی ایک قوم کا بن جاؤں گا دارا
دو روزہ پالیسی نے اس طرف سے تقویت دے دی
ادھر بجنے لگا فتح و ظفر کا پھر تو نقارا
ڈنر، عہدے، تبسم، مشورے وعدے بنے گیسو
وہ گیسو جس سے پھیلی بوئے مست عنبر سارا
حواس ظاہری کے دام سے بچنا ہوا مشکل
کجا موہوم حوریں اور کجا پریوں کا نظارا
وہ ٹوٹے یہ گرے وہ پھسلے یہ چت ان کو غش آیا
نہ ایماں میں رہی طاقت نہ دل میں ضبط کا یارا
حریفان طرب آگیں نے چھیڑا سازِ عشرت کو
بجایا سب نے مضراب ہوس سے دارادا دارا
بتوں کے عشق میں پڑ ہی چکے تھے عقل پر پتھر
مسوں کا بے تکلف چڑھ گیا ہر قلب پر پارا
غریبوں دردمندوں بے کسوں کے دل کی کیا ہستی
وہ حالت پیش آئی تھی کہ جس سے موم ہو خارا
نہ حالی کی مناجاتوں کی پروا کی زمانے نے

۱۸۹۰ء

## ترجمہ قول یکے از اکابر یورپ

یہ شیخ اکبر سے اتنا کیوں خفا ہے
یہ کیوں غیظ و غضب جو رو جفا ہے
نہیں ہے اس میں جھگڑے کی کوئی بات
یہ اک قول حکیم باصفا ہے
نہ ہو مذہب میں جب زور حکومت
تو وہ کیا ہے فقط اک فلسفہ ہے

☆☆☆☆☆☆

بلبل ہیں آج ہم چمنستان کمپ کے
پروانہ کل بنیں گے کلیسا کے لمپ کے
فکر بہشت و کوثر و تسنیم ہوچکی
اب پارک کا خیال ہے چرچے ہیں پمپ کے
رکھتے تھے جو بزرگ قدم پھونک پھونک کر
خوگر ہوئے ہیں لیپ کے اسکیپ کے جمپ کے ۳۲

☆☆☆☆☆☆

نہ نماز ہے نہ روزہ نہ زکوٰۃ ہے نہ حج ہے
تو خوشی پھر اس کی کیا ہے کوئی جنت کوئی جج ہے
جو خیال ہیں نرالے تو مذاق ہیں انوکھے
نہ وہ وضع قوم کی ہے نہ وہ شان ہے نہ دھج ہے

## بعلالت ۱۹۰۵ء

موت چل دی میری مشت استخواں کو سونگھ کر
چونک اٹھا اکبر غرض خواب گراں سے اونگ کر
یہ سمجھنا چاہئے خالق نے جو صحت یہ دی
بہرِ استغفار اپنے فضل سے مہلت یہ دی

☆☆☆☆☆

سید جلال الدین طہرانی اڈیٹر حبل المتین
تلغرافے چوفر ستادی زارہ لطف و مہر
جوش زواز دل سرور و لطفہا اندو ختم
بسکہ شوق دعوت و اسپیچ در دل داشتم
محفلے ترتیب دادم شمعہا افروختم
خادم خاص از لئے آورد نت رفتہ بہ ریل
نصف شب درانتظارت دیدہ بردردو ختم
چوں شنیدم فسخ کر دی عزم ورفتی بیدریغ
شمع را خاموش کردم خود سراپا سو ختم

☆☆☆☆☆

تھا باعث الم مرض جانگزائے قوم
مدت سے سن رہے تھے علی گڑھ میں ہائے قوم
آخر اودھ نے کالج طبی بنا
شکرِ خدا کہ ہوگئی پیدا دوائے قوم

مکتب گرم ہے سرد ہے ہانڈی

☆☆☆☆☆

بزم عزا میں کیوں نہ ہو شرکت
جس سے ہو دل میں پیدا عبرت
صوفیوں کی کیوں ڈھونڈیں نہ صحبت
قلب کو جس سے پہنچے فرحت

☆☆☆☆☆

یہ بے معنی مجلس کیسی
یہ ناحق کی گھس گھس کیسی
یہ بے حکم کی آفس کیسی
یات یہ سٹرم پوئیس کیسی

☆☆☆☆☆

ہوگیا عقل میں کون اضافہ
خوشبو پھیلی نہ دیکھا نافہ
دیکھ لیا یاروں کا قیافہ
پایا بس خوش رنگ لفافہ

☆☆☆☆☆

قوم سے اس کی گاڑھی کمائی
آپ نے فقرہ دے کے اڑائی
اور وہ یوں بے سود گنوائی

پھر تو مکتب ہے شیطانی

☆☆☆☆☆☆

جب ہوں گرو جی خود البیلے
خوب رچائیں میلے ٹھیلے
راہ پہ آئیں کیوں کر چیلے
مندر میں کیوں جائیں اکیلے

☆☆☆☆☆☆

اگوا خود جب حق سے ہو غافل
دنیا ہی دنیا دل میں ہو داخل
ساتھی کیوں نہ چلیں رہ باطل
کیوں کر دین ہو ان کو حاصل

☆☆☆☆☆☆

جس نے خیمہ یہاں پہ گاڑا
اس کو مبارک ہو یہ اکھاڑا
لیکن قوم کو کیوں ہے پچھاڑا
اس نغمے پہ گلا کیوں پھاڑا

☆☆☆☆☆☆

عشرتیؔ ہم گھر کی محبت کا مزا بھول گئے
کھا کے لندن کی ہوا عہدِ وفا بھول گئے
پہنچے ہوٹل میں تو پھر عید کی پروا نہ رہی

IqbalCyberLibrary.Net All rights reserved

خدا کا نام کی عزت ہے جب تک اہل دانش میں
تجلی علم کی جب تک چراغ راہ عرفاں ہے
ہماری حضرتِ قیصر رہیں اقبال و صحت سے
کہ جن کا آفتابِ عدل اس کشور پہ تاباں ہے

☆☆☆☆☆

خدا اے عشرتی[49] تم ہمیشہ شادماں رکھے
خلائق سے تمہیں خوش ان کو تم پر مہرباں رکھے
کرے مملو تمہاری طبع کو رنگیں خیالی سے
تمہارے دفترِ دل کو گلستاں بوستاں رکھے

☆☆☆☆☆

ہند میں میں ہوں مرا نورِ نظر[50] لندن میں ہے
سینۂ پر غم ہے یاں لختِ جگر لندن میں ہے
دفتر تدبیر تو کھولا گیا ہے ہند میں
فیصلہ قسمت کا اے اکبر مگر لندن میں ہے

☆☆☆☆☆

آں نو نہال خوبی مادہ دو ہفتۂ من
در نو بہارِ عمرش رفت از فضائے ہستی
پیمانۂ مۓ غم سر شار و نہیشم کرد
رفتم سر مزارش در بیخودی و مستی
آہے زول کشیدیم گفتم کہ اے مہ من

تھا شوقِ ادائے مطلب اِک حُسن کے ساتھ
اکبر نے جو فِکر کی تو وہ بات بنی
دیوانہ تھی قوم عشق میں پریوں کے
پکڑی گئی اور غلام جنات بنی

☆☆☆☆☆

جب تک ہم میں ہے قومی خصلت باقی
بے شک پردے کی ہے ضرورت باقی
چالیس برس کی بات ہے یہ شاید
بعد اس کے رہے گی پھر نہ حجت باقی

☆☆☆☆☆

زاہد کی طبع دیکھ کے اس بت کو لچ گئی
وہ کیا تمام ملک میں اِک دھوم مچ گئی
اکبر ہی تھا کہ دین میں دل کو چھپا لیا
وہ بھی کہاں بچا یہ کہو جان بچ گئی

☆☆☆☆☆

شیخ و سید سے تو خالی نہیں ذکرِ شاعر
ذات سے ان کی مخاطب نہیں فکرِ شاعر
طبع مجنوں ہے عاشق ملت اے دوست
کیوں روا رکھتا ہے ناحق مری ذلت اے دوست

☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆☆

نغاں کرنے کا بھی یارا نہیں ہے
سوا افسوس کے چارہ نہیں ہے

☆☆☆☆☆☆

ہم نشیں ظلمِ بُتاں پر چپ نہ رہنا چاہیے
بات جب کچھ بن نہ آئے شعر کہنا چاہیے

☆☆☆☆☆☆

ہوا بدل گئی ہے ایسی کچھ زمانے کی
دعائیں مانگتا ہوں ہوش میں نہ آنے کی

☆☆☆☆☆☆

مجنوں کی پیاس کو بجھاتی
لیلیٰ کچھ باؤلی نہیں تھی
بائیس سال عمر کے متفرق اشعار
طے ہوئی بات نہ قیمت ابھی اس کی ٹھہری
دلِ مرا لے کے چلے آپ یہ اچھی ٹھہری

☆☆☆☆☆☆

مُشتاق تو ہستم کہ عزیز وحبیبی!
لیکن چہ تواں کرو کہ مہمان رقیبی
دست فلک سے ہند کی خلقت بہت پٹی

اب تک ہے مگر وہی ہوس حضرت کی

ہے طولِ اَمل ہنوز شیطان کی آنت

☆☆☆☆☆

عزیزوں کی اعانت گم بزرگوں کا ادب رخصت

جو دل بدلا تو سب بدلا رخصت تو سب رخصت

☆☆☆☆☆

ڈیلی گیڈوں نے جو شملے میں بہم کی ہے صلاح

بعد عمدہ کھانے کے ایسی ڈکاریں ہیں مباح

سنٹرل بھی ہو کمیٹی اور پراونشل بھی ہو

حامیِ پبلک بھی ہو رخ جانبِ کونسل بھی ہو

بابوؤں کی طرح لیکن غل سے کچھ مطلب نہ ہو

کر دیں بس توضیح جزو وکل سے کچھ مطلب نہیں

ولولے ایسے نہیں محتاج کچھ تصریح کے

کیوں نہ ہو دانے تو ٹوٹی ہوئی تسبیح کے

گندھ کے اب قومی گلے کا ہار ہو جائیں گے یہ

پالسی کے طرہ دستار ہو جائیں گے یہ

بخت ملکی میں تو پڑنا ہے نری دیوانگی

پالسی ان کی رہے قائم ہماری دل لگی

ہم یہ کہتے ہیں کرو جو استخارہ راہ دے

تم فقط پتلے بنا سکتے ہو جان اللہ دے

دنیا ہی اب درست ہے قائم نہ دین ہے
زر کی طلب میں شیخ بھی کوڑی کو تین ہے

اک دن وہ تھا کہ دب گئے تھے لوگ دین سے
اک دن یہ ہے کہ دین وبا ہے مشین ہے

گذرے مری نگاہ سے یاروں جمگھٹے
مطلب یہ تھا سرور بڑھے اور غم گھٹے
کھانے بھی خوب کھائے گلچھیں بھی خوب
لیکن ہوا یہی کہ بڑھے آپ ہم گھٹے
ہم تو اسی کو بات سمجھتے ہیں کام کی
عشق صمد زیادہ ہو عشق صنم گھٹے

جس سے جو بن پڑے وہی کام کرے
صاحب بنے کھائے کھیلے آرام کرے
لیکن رہے قومی بھائیوں کا ہمدرد
ہر حال میں ادعائے اسلام کرے

☆☆☆☆☆

نہ رنگ انجمن وہ ہے نہ وہ مے کش نہ وہ ساقی
یہ دعوت کیا ہے بس ہے اک ادائے فرض اخلاقی
نہ وہ مکتب نہ وہ ملا نہ وہ صورت نہ وہ سیرت
سوا نام خدا کے اب رہا کیا قوم میں باقی
کہاں وہ دعوت احباب کی طیاریاں اکبر
خموشی سے ادا کرتا ہوں بس اک فرض اخلاقی

☆☆☆☆☆

بے بصیرت ہے مگر تو منکرِ شیخ و ولی
ناشگفتہ رہ گئی بے شک ترے دل کی کلی
چشم پیدا کن کہ بینی آشکار دہم نہاں
در قبائے گلرخاں رنگ نبی ﷺ بوئے علیؑ

☆☆☆☆☆

بلا طاقت تہ افلاک انساں کی نہیں چلتی
وہاں تو ریل چلتی ہے یہاں روٹی نہیں چلتی

☆☆☆☆☆

پہلے تو دکھاتی تھی چمک اپنی گنی
اب پیش نگاہ ہیں پنس ۸۰؎ و پنی ۸۱؎
کہتے ہیں حریف ہنس کے اب ازرہ طعن
جب دین کو کھو دیا تو دنیا بھی چھنی

میں خود ہوں بدل گیا زمانے کے ساتھ
پڑھتی ہے مجھی پہ اب تو دنیا لاحول

☆☆☆☆☆

حضرت اکبر سے سن کر یہ لطیفہ بزم میں
سب ہنسے کچھ رہ گئے خونِ جگر کے پی کے گھونٹ
شیخ جی رفرف بنے پھرتے تھے پہلے چرخ
چشم بد دور اب بنے ہیں آپ کمسریٹ کے اونٹ

☆☆☆☆☆

کودے پھرتے ہیں یہ باغ میں ملھو کی طرح
باغباں دبکے ہوئے بیٹھے ہیں الو کی طرح

☆☆☆☆☆

ان نئی روشنی والوں سے نہیں ہے کچھ فیض
شبِ تاریک میں چمکا کریں جگنو کی طرح
آ گئی زلفِ مساں زلفِ بتاں پر غالب
پیچ ہوتے تھے بہم اُفعی و راسو ۹۲ے کی طرح
اکبر اس عہد میں لو صبر تحمّل سے جو کام
اس سے بہتر ہے کہ غصہ کرو بابو کی طرح

☆☆☆☆☆

سید کی طرف تو چندہ لانے کی ہے پخ
اور شیخ کے گھر میں پنجگانے کی پخ

امور ملکی کی بحث میں تم جو ہندوؤں کے بنو گے ساتھی
نہ لاٹ صاحب خطاب دیں نہ راجہ جی سے ملے گا ہاتھی
نہ اپنا مکھن وہ تم کو دیں گے نہ اپنی پوری وہ بانٹ دیں گے
پڑے گا موقع جو کوئی آ کر تو دونوں ہی تم کو چھانٹ دیں گے
مگر وہ رہتے ہیں دور تم سے یہ لوگ ساتھی ہیں اور پڑوسی
ملے جلے ہیں سوسائٹی میں اہیران میں تو ہم ہیں گھوسی
ہزل کو اپنی جو چھوڑ کر تم انہیں کی شرکت کرو ذٹل میں
تو یہ تو کوئی نہ کہہ سکے گا تمہارے دشمن کہاں بغل میں
نہ ہوگی حکام کو بھی دقت جو ہوگی اک جا ہر اک کی خواہش
ضرورت ان کو بھی یہ نہ ہوگی کریں ہر اک سے علیحدہ غرفش
جو مانگو گے ایک پھل مسلم وہ کاٹ کر ایک پھانک دیں گے
چلاؤ گے پھر بھی منہ تو سب کو وہ ایک لاٹھی سے ہانک دیں گے

☆☆☆☆☆

اُن کے دستِ نازنیں سے پائی ٹی ۱۱۳
اب کہاں باقی ہے ہم میں پائیٹی ۱۱۳

☆☆☆☆☆

آخر کو ہوئی وہ بات جو تھی ہوئی
مذہب مٹی ہے یا مٹی ہے ڈھوئی

☆☆☆☆☆

جو ست تھے ہو گئے ہیں وہ شتر حلیم

☆☆﴿۳﴾☆☆

مذہب نے پکارا اے اکبر اللہ نہیں تو کچھ بھی نہیں
یاروں نے کہا یہ قول غلط تنخواہ نہیں تو کچھ بھی نہیں
ہر بات پہ تم قسمیں کھانا جب یاد کریں راجہ صاحب
دربار اودھ میں اے اکبر واللہ نہیں تو کچھ بھی نہیں
ملنے کا کسی سے ہے یہ مزا ایک جوش طبیعت ہو پیدا
اس بزم میں میرے پہونچنے پر اخاہ نہیں تو کچھ بھی نہیں

☆☆﴿۴﴾☆☆

تھا تصور مالک آزادی رندانہ ہوں
لیکن اب بالکل اسیر انتظام خانہ ہوں
پہلے تھے اس بت کے گرداب ساتھ ہی بچوں کی فوج
عشق میں دیوانہ تھا اب فکر میں دیوانہ ہوں

☆☆﴿۵﴾☆☆

ہم ایسی کل کتابیں قابل ضبطی سمجھتے ہیں
کہ جن کو پڑھ کے لڑکے باپ کو خبطی سمجھتے ہیں

☆☆﴿۶﴾☆☆

مذہب نے کہا کہ جان سے عاری ہیں
آپس ہی کے لوگ باعث خواری
دیا قزاق تھے ہوئے ہیں اب اسیر
اپنوں ہی میں کچھ گواہ سرکاری ہیں

کہاں ایسی آزادیاں تھیں میسر
انا الحق کہو اور پھانسی نہ پاؤ

☆☆﴿۱۲﴾☆☆

شیخ اس درجہ اناڑی ہے جو گھوڑے پہ چڑھے
باگ گردن میں رکاب آ کے پھنسی ران میں ہو
لات دنیا پر نہ مارو ابھی اے حضرت شیخ
بیٹھکیں کر لو ذرا زور تو کچھ ران میں ہو

☆☆﴿۱۳﴾☆☆

شوق لیلائے سول سروس نے مجھ مجنوں کو
اتنا دوڑایا لنگوٹی کر دیا پتلون کو
جامہ ہستی کے ٹکڑے اڑ رہے ہیں نزع میں
پھینکیے اب کوٹ کو تہ کیجیے پتلون کو

☆☆﴿۱۴﴾☆☆

دقیانوسی طریق سے منہ موڑو
شیرازہ مذہبی نعت کا توڑو
بھوکے سے کہو کہ حد تہذیب میں رہ
آنتوں سے کہو کہ قل ھو اللہ چھوڑو

☆☆﴿۱۵﴾☆☆

فقط مذہب سے تم میں عزت و وقعت کی ہے یہ بو
وگرنہ اور کیا نسبت کجا ولیم کجا کلہ

☆☆ ۱۶ ☆☆

بے ہنر ہو کر جو بیٹھو طعنۂ حالی سنو
با ہنر ہو کر جو چمکو قوم سے گالی سنو
ہم کو تو پیر طریقت نے یہی دی ہے صلاح
قصۂ منصور دیکھو اور قوالی سنو

☆☆ ۱۷ ☆☆

اونٹ نے گایوں کی ضد پر شیر کو ساجھی کیا
پھر تو مینڈک سے بھی بدتر سب نے پایا اونٹ
جس پہ رکھا چاہتے ہو باقی اپنی دسترس
منہ میں ہاتھی کے کبھی اے بھائی

☆☆ ۱۸ ☆☆

تکلفات سے لِلّٰہ اپنا سر نہ پھراؤ
جو دال روٹی ہو موجود وقت پر وہ کھلاؤ
مجھے بھی چکھو گے کیا رکھ کے خوان نعمت پر
کباب کرتا ہے اب مجھ کو انتظار پلاؤ

☆☆ ۱۹ ☆☆

نیکی کے حق میں کج ادائی نہ کرو
اللہ کے ساتھ بے وفائی نہ کرو
نیٹو بھی رہو گے مرو گے بھی ضرور
کہتا ہوں کہ دعویٰ خدائی نہ کرو

## حواشی

۱ے

☆

صرف مصرعہ اول حضرت اکبر کا ہے، ۲۰ سال کے تھے جب امتحان لیا گیا تھا۔

۲ے

☆

مصرع طرح

۳ے

☆

ایک پروانہ لمپ کے گرد ناچ رہا تھا (۱۸۷۲ء)

۴ے

☆

صوفیوں کے ایک طریقہ ذکر کا نام ہے

۵ے

☆

بحذف نون آخریں۔ بطریق شاذ جیسا کہ زمیں سے زمی ۱۲۔

۶ے

☆

ایک مشہور انگریزی شاعر

۷ے

☆

اب متروک ہے ۱۲

۸ے

☆

Kiss

۱۲۴ ☆

قواعد

۱۲۵ ☆

تحت

۱۲۶ ☆

نقل کفر کفر نہ باشد

۱۲۷ ☆

یہ غزلیں دور سوم میں درج ہونی چاہیے تھیں۔ نقل کرنے والوں نے نقل نہیں کیں۔ چونکہ کلیات اکبر بازار میں نایاب ہے آنریبل چودھری احمد خاں صاحب سے۔ اور ایک اور صاحب سے جلدیں مستعار لی گئیں اور انہیں نقل کرایا گیا۔ نقل کرنے والوں ہی کی مدد سے نقلوں کا اصل سے مقابلہ کیا تھا۔ انہوں نے اپنی غلطی کو نہیں بتایا۔ اب پروف پڑھتے وقت میں نے مطبوعہ کلیات سامنے رکھ کر ایک ایک شعر کو بالکل تنہا ملایا۔ تو غزلیں نظر آئیں۔ (مرتب)

۱۲۸ ☆

یہ پوری غزل نہیں ہے۔ ایک غزل کے دو شعر ہیں۔ صرف دو شعر رہ گئے تھے غزل کے باقی اشعار درج ہو چکے ہیں۔

۱۲۹ ☆

یہ بھی نقل نہیں ہوا تھا۔ افسوس ہے کہ صفحہ ۴۳۷ سے ترتیب صحیح نہیں رہی۔ بہر حال جلد اول کا ایک ایک شعر جلد اول سے لیا گیا ہے۔

The End-----اختتام--------